دارالقضاء کی بعض کارروائیوں میں آن لائن طریقہ کار سے استفادہ

اکتیسواں فقہی سمینار منعقدہ: ۱۰ تا ۱۲ / ربیع الثانی ۱۴۴۴ھ مطابق ۵-۷ / نومبر ۲۰۲۲ء

۱- عام حالات میں دعوی، رفع الزام اور اداء شہادت کے لئے مجلس قضاء میں حاضر ہونا ضروری ہے؛ البتہ اگر طویل عرصہ کے لئے کورونا اور اس جیسے سنگین حالات پیدا ہوجائیں جبکہ مجلس قضاء میں حاضر ہونا ممکن نہ ہو تو قاضی اپنا نائب بنا کر مقدمہ کی کارروائی کرے، اور اگر وکیل یا نائب کے ذریعہ بھی کارروائی انجام دینا ممکن نہ ہو تو کارقضاء کی اصل روح قیام عدل، احیاء حقوق، رفع ظلم اور دفع نزاع کی اہمیت کے پیش نظر قاضی مقرر کرنے والی ذمہ دار شخصیت یا ادارہ کی اجازت سے آن لائن کارروائی کی جاسکتی ہے، مگر اس کے لئے ضروری ہوگا کہ ایسی تمام تکنیکی اور احتیاطی تدابیر کرلی جائیں کہ تلبیس کا اندیشہ باقی نہیں رہے، ایسی صورت میں آن لائن فریقین اور شاہدین وغیرہ کی شناخت بھی درست ہوگی۔

۲- حقیت (زمین وجائداد) کے معاملات میں چونکہ آن لائن معائنہ سے حقیقت تک رسائی نہیں ہوسکتی ہے، اس لئے ان مقدمات کی کارروائی آن لائن درست نہیں ہوگی، ان مقدمات کو مؤخر رکھا جائے گا۔

۳- فریقین کو آن لائن اطلاعات بھیجنے کی صورت میں اگر ان اطلاعات کے درست ہونے کا ظن غالب ہوجائے اور ریکارڈ محفوظ رکھا جاسکتا ہو، بوقت ضرورت اس کو پیش کرنے پر قدرت ہو، تو آن لائن اطلاعات بھیجنے کی گنجائش ہوگی؛ البتہ محفوظ صورت پوسٹل نظام ہی ہے جس پر اب تک عمل ہوتا آرہا ہے۔

۴- چوں کہ آڈیو کالنگ میں اشتباہ زیادہ ہے اس لئے اس کے ذریعہ کارروائی کرنا درست نہیں ہے۔

☆☆☆